سوال

(549) ہمشیرہ اپنا حق معاف کردے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص ہے جس کی منکوحہ فوت ہوگئی اور موت ایسی واقع ہوئی کہ شوہر متوفیہ سے دین مہر معاف نہ کرا سکا اس کو کیا کرنا چاہیے۔ بڑی تردد فکر ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

متوفیہ کے ورثاء کو دے یا معاف کرائے اولاد اس کی نہیں ہے۔ تو نصف کا مالک خود خاوند ہے۔ اولاد ہو تو ربع کا مالک ہے۔ باقی ورثاء کا ان سے بات چیت کرے اگر وارث کوئی نہ ہو تو سب خاوند کا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 505

محدث فتویٰ